محمد مسجد

عُمرہ کا مکمل طریقہ



عُمرہ کا مکمل طریقہ

1. غسل کرلیں



2. احرام باندھ لیں



3. دو رکعات نفل پڑھیں



4. نیت باندھ لیں



5. تلبیہ پڑھیں



6. مسجد الحرام جائیں



7. طوافِ کعبہ (سات چکر لگائیں)



8. مقام ابراہیم پر دو رکعات نماز پڑھیں



9. زم زم پی لیں



10. صفا و مروہ کی سعی (سات چکر کاٹیں)



11. سر منڈائیں



12. احرام اُتار کر کپڑے پہن لیں



عمرہ کے بنیادی ارکان یہ ہیں:


1۔احرام


2۔طواف



3۔سعی


4۔حلق یا قصر

غسل کے 3 فرائض ہیں

1۔کلی کرنا: پورے منہ میں پانی پہنچانا۔

2۔ناک میں پانی ڈالنا، ناک کے نرم حصے تک پانی پہنچانا۔

3۔ پورے جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہ جائے، خصوصاً بالوں کی جڑیں، بغلیں، ناف، انگلیوں کے درمیان وغیرہ۔

غسل کا مکمل مسنون طریقہ

نبی کریم ﷺ کے غسل کا مکمل طریقہ یہ ہے:

1۔دل میں نیت کریں کہ پاکی حاصل کرنے کے لیے غسل کر رہا/رہی ہوں۔نیت کے الفاظ زبان سے کہنا ضروری نہیں۔

2۔بسم اللہ پڑھیں۔

3۔دونوں ہاتھ دھوئیں۔

4۔شرم گاہ اور جسم پر لگی نجاست دھوئیں۔

5۔نماز جیسا وضو کریں۔اگر غسل کی جگہ پر پانی جمع ہوتا ہو تو پاؤں آخر میں دھوئیں۔

6۔سر پر پانی ڈالیں۔

بالوں کی جڑوں تک پانی پہنچائیں اور سر کو اچھی طرح تر کریں۔

7۔پورے جسم پر پانی بہائیں۔پہلے دائیں جانب، پھر بائیں جانب پانی بہانا مسنون طریقے میں آتا ہے۔

ہاتھ پھیر کر یقین کریں کہ پانی ہر جگہ پہنچ گیا ہے۔

8۔آخر میں پاؤں دھولیں اگر پہلے نہیں دھوئے تھے۔

وضو کے 4 فرائض ہیں

1۔ پورا چہرہ دھونا: پیشانی کے بالوں کی حد سے ٹھوڑی تک، اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک۔

2۔ دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔

3۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

4۔ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

یہ چاروں فرائض قرآن سے ثابت ہیں:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ

اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوؤ، اور اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں ٹخنوں تک دھوؤ۔ (المائدہ:6)

وضو کا مکمل مسنون طریقہ

1۔ دل میں نیت کریں کہ نماز کے لیے وضو کر رہا/رہی ہوں۔

2۔ بسم اللہ پڑھیں۔

3۔ دونوں ہاتھ کلائیوں تک تین مرتبہ دھوئیں۔

4۔ تین مرتبہ کلی کریں: منہ میں پانی ڈال کر اچھی طرح گھمائیں۔

5۔ تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالیں اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کریں۔

6۔ تین مرتبہ چہرہ دھوئیں۔

7۔ پہلے دایاں، پھر بایاں ہاتھ کہنی سمیت تین تین مرتبہ دھوئیں۔

8۔ سر کا مسح کریں: گیلے ہاتھوں سے سر کا مسح کریں۔ کانوں کا مسح بھی کریں۔

9۔ پہلے دایاں، پھر بایاں پاؤں ٹخنوں سمیت تین تین مرتبہ دھوئیں۔ انگلیوں کے درمیان بھی پانی پہنچائیں۔

10۔ وضو کے بعد یہ دعا پڑھیں:

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ (مسلم:234)

نوٹ: ہر عضو کو تین مرتبہ دھونا سنت ہے جبکہ ایک مرتبہ اس طرح دھونا کہ پانی پورے فرض عضو پر پہنچ جائے، فرض کی ادائیگی کے لیے کافی ہے۔

1۔احرام باندھنا

میقات پر پہنچنے سے پہلے غسل یا وضو کرلیں۔ مرد احرام کی دو چادریں پہنیں، جبکہ خواتین عام باپردہ لباس پہنیں۔ نماز کا وقت ہو تو نماز ادا کریں، ورنہ احرام کی نیت کے لیے کوئی مخصوص دو رکعت نماز لازم نہیں۔ پھر عمرہ کی نیت کریں:

لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ عُمْرَۃً

(ترجمہ) اے اللہ! میں عمرہ کے لیے حاضر ہوں۔

اگر کسی رکاوٹ کا اندیشہ ہو تو یہ الفاظ بھی کہہ سکتے ہیں:

فَإِنْ حَبَسَنِیْ حَابِسٌ فَمَحِلِّیْ حَیْثُ حَبَسْتَنِیْ

(ترجمہ) اگر کوئی رکاوٹ مجھے روک دے تو جہاں تو مجھے روک دے، وہیں میرا احرام کھولنے کی جگہ ہوگی۔



2۔تلبیہ

احرام کی نیت کے بعد تلبیہ پڑھیں:

لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ،
إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ، لَاشَرِیْکَ لَکَ

ترجمہ: میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں۔ میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔
بے شک تمام تعریف اور نعمت تیرے ہی لیے ہے اور بادشاہی بھی تیری ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں۔

مرد قدرے بلند آواز سے اور خواتین آہستہ آواز سے تلبیہ پڑھیں۔ طواف شروع کرنے تک تلبیہ پڑھتے رہیں۔



3۔ مسجد الحرام میں داخل ہونا

مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں قدم پہلے رکھیں اور یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ،
اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

(ترجمہ) اللہ کے نام سے، اور اللہ کے رسول ﷺ پر درود و سلام۔
اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

خانۂ کعبہ پر پہلی نظر پڑے تو کوئی خاص ثابت شدہ دعا لازم نہیں۔ اس وقت دل سے خوب دعا کریں۔



4۔طوافِ کعبہ

حجرِ اسود کے سامنے سے طواف شروع ہوگا۔حجرِ اسود کی طرف رخ کر کے: بِسْمِ اللّٰہِ، اللّٰہُ أَکْبَرُ کہیں اور اگر ممکن ہو تو حجرِ اسود کو بوسہ دیں۔رش کی صورت میں دھکم پیل نہ کریں؛ دور سے ہاتھ کے اشارے سے اللّٰہُ أَکْبَرُ کہنا کافی ہے۔

طواف کے اہم اصول

¤ خانۂ کعبہ بائیں جانب رہے۔


¤ سات چکر مکمل کریں۔

¤ ہر چکر حجرِ اسود سے شروع اور حجرِ اسود پر ختم ہوگا۔

¤ مرد پہلے تین چکروں میں، اگر ممکن ہو، رَمَل کریں یعنی قدرے تیز اور اکڑ کر چلیں، باقی چار چکروں میں معمول کے مطابق چلیں۔

¤ مرد طواف کے دوران دایاں کندھا کھلا رکھیں، اسے اضطباع کہتے ہیں۔

¤ خواتین نہ رمل کریں اور نہ کندھا کھولیں۔



رکنِ یمانی

اگر آسانی سے ممکن ہو تو رکنِ یمانی کو ہاتھ لگائیں، لیکن اسے بوسہ نہ دیں۔ اگر ہاتھ لگانا ممکن نہ ہو تو اشارہ بھی نہ کریں۔

رکنِ یمانی سے حجرِ اسود کے درمیان یہ دعا پڑھنا مسنون ہے:

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

(ترجمہ) اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

باقی طواف میں کیا پڑھیں؟

ہر چکر کی کوئی مخصوص دعا نبی ﷺ سے ثابت نہیں۔ آپ قرآن پڑھ سکتے ہیں، ذکر، درود اور استغفار کر سکتے ہیں اور اپنی زبان میں بھی اللہ سے دعا کر سکتے ہیں۔ مثلاً:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ.



5۔مقامِ ابراہیم پر دو رکعت

طواف کعبہ کے سات چکر مکمل کرنے کے بعد مقامِ ابراہیم کی طرف جائیں اور وہاں یا مسجد الحرام میں کسی مناسب جگہ دو رکعت نماز ادا کریں۔

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون اور دوسری میں سورۃ اخلاص پڑھنا مسنون ہے۔البتہ بھیڑ کی وجہ سے مقامِ ابراہیم کے بالکل پیچھے نماز پڑھنا ضروری نہیں۔



6۔ زمزم پینا

زمزم پئیں اور قبلہ رخ ہو کر اللہ سے دعا کریں۔ کوئی مخصوص صحیح حدیث سے ثابت دعا لازم نہیں، البتہ یہ دعا مشہور ہے:

اللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا وَاسِعًا، وَشِفَاءً مِنْ کُلِّ دَاءٍ.

(ترجمہ) اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والا علم، کشادہ رزق اور ہر بیماری سے شفا مانگتا ہوں۔



7۔صفا کی طرف جانا

سعی کے لیے صفا کی طرف جائیں۔ صفا کے قریب پہنچ کر یہ آیت پڑھیں:

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ پھر کہیں: أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ

(ترجمہ) میں بھی وہیں سے شروع کرتا ہوں جہاں سے اللہ نے شروع کیا ہے۔

8۔صفا پر دعا

صفا پر قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھائیں اور یہ ذکر پڑھیں:

- اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ
- لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.
- لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، أَنْجَزَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

پھر اپنے لیے، والدین، اہل خانہ اور تمام مسلمانوں کے لیے دعا کریں۔

یہ ذکر اور دعا تین مرتبہ کرنا نبی ﷺ سے ثابت ہے، درمیان میں اپنی دعائیں کی جاتی ہیں۔



9۔ سعی: صفا سے مروہ

¤ صفا سے مروہ کی طرف چلیں۔
¤ مروہ سے صفا = دوسرا چکر
¤ ساتواں چکر مروہ پر ختم ہوگا۔

¤ صفا سے مروہ = ایک چکر
¤ اسی طرح سات چکر مکمل کریں۔

سبز نشانات کے درمیان:

¤ مرد سبز نشانات کے درمیان قدرے تیز چلیں/ دوڑیں۔
¤ خواتین معمول کی رفتار سے چلیں۔
¤ سعی کے ہر چکر کیلئے کوئی الگ مخصوص دعا ثابت نہیں۔
¤ چلتے ہوئے ذکر، تلاوت، درود اور اپنی دعائیں کریں۔

10۔ مروہ پر دعا:

¤ مروہ پر بھی صفا کی طرح قبلہ رخ ہو کر اللہ کا ذکر اور دعا کریں۔
¤ اس طرح ساتواں چکر مکمل ہونے پر سعی ختم ہو جائے گی۔



11۔حلق یا قصر:

¤ سعی مکمل ہونے کے بعد عمرہ مکمل کرنے کے لیے بال کٹوائے جائیں گے۔

مردوں کیلئے دو طریقے ہیں:

(الف) حلق: پورا سر منڈوانا: یہ افضل ہے۔

(ب) قصر: پورے سر کے بال چھوٹے کروانا۔

¤ نوٹ: صرف سر کے ایک حصے سے چند بال کاٹ لینا کافی نہیں۔
¤ خواتین: بالوں کے سروں سے تقریباً ایک پور (انگلی کے سرے کے برابر) کاٹیں۔
¤ اس کے بعد عمرہ مکمل ہو گیا اور احرام کی پابندیاں ختم ہو گئیں۔

